[ترجمہ] تیسرا فرقہ وہابیہ کذابیہ رشید احمد گنگوہی کے پیرو پہلے تو اس نے اپنے پیر طائفہ اسمٰعیل دہلوی کے اتباع سے اللہ عزوجل پر یہ افترا باندھا کہ اس کا جھوٹا ہونا بھی ممکن ہے اور میں نے اس کا یہ بیہودہ بکنا ایک مستقل کتاب میں رد کیا، جس کا نام ''سبحٰن السبوح عن عیب کذب مقبوح'' رکھا، پھر تو ظلم وگمراہی میں اس کا حال یہاں تک بڑھا کہ اپنے ایک فتوے میں (جو اس کا مہری دستخطی میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا جو بمبئی وغیرہ میں بارہا مع رد کے چھپا) صاف لکھ دیا کہ جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو بالفعل جھوٹا مانے اور تصریح کرے کہ معاذ اللہ، اللہ تعالیٰ جھوٹ بولا اور یہ بڑا عیب اس سے صادر ہو چکا تو کفر بالائے طاق، گمراہی درکنار، فاسق بھی نہ کہو، اس لیے کہ بہت سے امام ایسا کہہ چکے ہیں،

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس نے کہا، بس نہایت کار یہ ہے کہ اس نے تاویل میں خطا کی، یہی وہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے بہرا کیا اور ان کی آنکھیں اندھیں کر دیں لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

(ماخوذ حسام الحرمین)

سبحان تیری شان! رامپوری علما نے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق یہی کہا کہ ہم ان کی تکفیر اس لئے نہیں کرتے کہ وہ اس عقیدے کو بتاویل کہتے ہیں اور نواب احمد رضا خان اسی بنیاد پر مولانا گنگوہی پر کفر کا فتوی لگا رہے ہیں۔ اور حسام الحرمین کے بارے میں تمام بریلوی علما کا اجماع ہے کہ من شك فی کفرہ و عذابہ فقد کفر لہذا اس مسئلہ میں ان دو علمائے رامپور کی طرف سے حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی تکفیر نہ کرنا خود ان کے کفر کو متلزم ہے۔ اور چونکہ موصوف (یعنی میثم رضوی) ہی کی تحریک پر یہ فتوی شائع ہوا جس میں مولانا ارشاد حسین رامپوری کو ''عمدۃ الفقہاء والمحدثین'' کہا گیا لہذا خود نام نہاد مجاہد سنیت (یعنی میثم دجال) بھی حسام الحرمین کی تکفیر کے گھاٹ اتر گئے۔ الحمد للہ یہ ہوتی ہے حقانیت کہ جیسا ہی تمہارا ناپاک قلم ان علمائے ربانیین کے خلاف اٹھا تو اس ناپاک قلم کے ناپاک چھینٹوں سے تمہارا ہی دامن داغدار ہوا۔ دراصل حسام الحرمین دنیا کی واحد ایسی منحوس و مردود کتاب ہے کہ اب تک جو بھی اس کے دفاع و تائید کیلئے اٹھا وہ اپنی ہی تکفیر کر کے لوٹا۔ الحمد للہ اس ناپاک کتاب کی جھوٹی حقانیت ثابت کرنے والے اس کی حقانیت کو تو ثابت نہ کر سکے اور نہ ان شاء اللہ تا قیامت ثابت کر سکیں گے مگر اپنے لئے اپنے ہی اصولوں کی روشنی میں جہنم کا پروانہ ضرور حاصل کر بیٹھے اور کیوں نہ ہو کہ جب اللہ کا یہ اعلان ہے کہ میرے ولیوں سے دشمنی کرنے والا گویا مجھ سے دشمنی کرنے والا ہے۔

موصوف کہتے ہیں کہ فتوی وقوع کذب باری تعالی کے مدلل رد کیلئے الاستمداد، مفتی اعظم مصطفی رضا خان کی کشف ضلال دیوبند کا مطالعہ کرو۔ (ملخصا اہلسنت کی حقانیت کا ثبوت غیر مقلدین کے گھر سے، ص ۲۴، ادارہ تحفظ عقائد اہلسنت و جماعت پاکستان۔ یہ اسی میثم دجال کی کتاب ہے)

اب خان صاحب انہی کتب کے بارے میں لکھتے ہیں:

> امکان کذب نہ ماننے والے کو کافر کہے ان سب پر ستر ستر اور زائد زائد وجوہ سے کفر لازم ہے۔ جس کی تفصیلیں سبحٰن السبوح وکوکبۃ شہابیہ وکشف ضلال دیوبند شرح الاستمداد

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

وغیرہا میں ہے اس کے پیچھے نماز باطل ہے اور جو پہلے پڑھیں ان کا پھیرنا فرض ہے اور نہ پھیرنا فسق۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۱، ص ۲۸۴)

کشف ضلال اور الاستمداد میں ہے کہ امکان کذب والے کے پیچھے نماز باطل ہے مگر علمائے رامپور کے اس فتوے میں ہے کہ ایسے آدمی کے پیچھے نماز بالکل جائز ہے۔جناب آپ کے اعلی حضرت کے کذاب ہونے پر اور کتنے حوالے کس کس انداز سے پیش کریں؟

احمد سعید کاظمی لکھتا ہے:

''اہلِ سنت کہتے ہیں کہ کذب کے تحتِ قدرتِ باری تعالیٰ ہونے سے بندوں کے جھوٹ کی تخلیق اور اس کے باقی رکھنے یا نہ رکھنے پر قدرتِ خداوندی کا ہونا مراد ہے یا یہ مقصد ہے کہ اللہ تعالیٰ بذاتِ خود صفتِ کذب سے متصف ہوسکتا ہے۔اگر پہلی شق مراد ہے تو اس میں آج تک کسی سنی نے اختلاف نہیں کیا۔ پھر یہ کہنا کہ امکانِ کذب کے مسئلہ میں شروع سے اختلاف رہا ہے، باطل محض اور جہالت وضلالت ہے اور اگر دوسری شق مراد ہو تو اس سے بڑھ کر شانِ الوہیت میں کیا گستاخی ہوسکتی ہے کہ معاذ اللہ ! اللہ تعالیٰ کے متصف بالکذب ہونے کو ممکن قرار دیا جائے۔(۳) اہلِ سنت کے نزدیک ایسا عقیدہ کفرِ خالص ہے۔ اَعَاذَنَا اللّٰہُ مِنۡھَا۔

(الحق المبین، ص ۷۷ مکتبۃ المدینہ)

جناب یہ خالص کفر ہی آپ کے ان علماء کے نزدیک عین اسلام ہے اور ایسا عقیدہ رکھنے والے کے پیچھے آپ کے یہ عمدۃ الفقہاء والمحدثین نماز کو بھی جائز سمجھتے ہیں۔

نواب احمد رضا خان صاحب فقیہ العصر مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ پر اسی وقوع کذب باری تعالی کا جھوٹا الزام لگا کر کہتے ہیں:

''اور تحقیق یہ ہے کہ ان صریح جلی ملعون کفروں کے ایجاد میں دیوبندی پیش قدم ہیں اور ان کے تسلیم میں وہ اور غیر مقلد سب یکساں وہمدم ہیں کوئی وہابی ان لعین کفروں اور اللہ ورسول کو شدید غلیظ گالیوں پر دیوبندیوں کی تکفیر نہ کرے گا بلکہ اپنی چلتی ساتھ ہی دے گا اور علمائے کرام دیوبندیوں کو فرماچکے۔من شك فی کفرہ وعذابہ

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

فقد کفر جو ان کے کفر و عذاب میں شک کرے خود کافر ہے۔۔۔۔ ان غلام احمد القادیانی ورشید احمد ومن تبعه کخلیل الانبیتھی واشرفعلی وغیرھم لاشبهة فی کفر ھم بلامجال بل لاشبهة فی من شك بل فیمن توقف فی کفرھم بحال من الاحوال

غلام احمد قادیانی و رشید احمد اور جو اس کے پیرو ہوں جیسے خلیل احمد انبیٹھی اور اشرفعلی وغیرہ ان کے کفر میں کوئی شبہہ نہیں، نہ شک کی مجال، بلکہ جو ان کے کفر میں شک کرے بلکہ کسی طرح کسی حال میں انہیں کافر کہنے میں توقف کرے اس کے کفر میں شبہہ نہیں۔

(فتاوی رضویہ جدید، ج ۲۹ ص ۲۳۹ تا ۲۴۲)

جناب یہ دونوں علماء شک تو کیا صاف واضح لکھ رہے ہیں کہ ایسا عقیدہ رکھنے والا مسلمان ہے اس کے پیچھے نماز جائز ہے۔ تو اب ان دونوں کے کفر میں کیا شک ہوسکتا ہے؟۔ اب ذرا نواب احمد رضا خان صاحب کا یہ فتوی بھی ملاحظہ ہو:

''جسے یہ معلوم ہو کہ دیوبندیوں نے رسول اللہ ﷺ کی توہین کی ہے پھر ان کے پیچھے نماز پڑھتا ہے اسے مسلمان نہ کہا جائے گا کہ پیچھے نماز پڑھنا اس کی ظاہر دلیل ہے کہ ان کو مسلمان سمجھا اور رسول اللہ ﷺ کی توہین کرنے والے کو مسلمان سمجھنا کفر ہے اسی لئے علمائے حرمین شریفین نے بالاتفاق دیوبندیوں کو کافر مرتد لکھا اور صاف فرمایا کہ: من شك فی کفرہ وعذابه فقد کفر۔ جس نے ان کے کفر و عذاب میں شک کیا وہ بھی کافر ہے''۔

(فتاوی رضویہ، ج ۱۴ ص ۳۷۶)

ان علماء رامپور کے سامنے وہ عقیدہ پیش کیا گیا جسے نواب صاحب نے کفر کہا مگر اس کے باوجود بھی انہوں نے نماز کو جائز لکھا۔ لہذا خان صاحب کے اس فتوے کی رو سے یہ دونوں علماء قطعا یقینا جزما کافر ہو گئے معاذ اللہ۔ کیونکہ وہ اس عقیدہ رکھنے والے کو مسلمان سمجھتے ہیں تبھی تو نماز کے جواز کا فتوی دے رہے ہیں۔ اور ان کی تائید و توثیق کرنے، ان کو اپنا بڑا ماننے کی وجہ سے نام نہاد مجاہد اہلسنت یعنی میثم عباس رضوی بھی جہنم واصل ہوا۔ ایسا کافر مرتد ہوا کہ جو بریلوی

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

اس میثم عباس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر مرتد۔
میثم صاحب اس تفصیل کے بعد اب ذرا اس شعر کو مزے لیکر پڑھئے:

کلک رضا ہے خنجر خون خوار برق بار
اعدا سے کہہ دو خیر منائیں نہ شر کریں

اور ذرا سی ترمیم کے ساتھ آپ کی خدمات میں آپ کے ابا جان کا یہ شعر

یہ رضا (مراد میں) کے نیزے کی مار ہے
کہ میثم کی دب۔۔۔سے آر پار ہے۔۔۔

میثم رضوی نے ص 35 پر لکھتے ہیں" مولوی منظور شکست خوردہ"، میثم رضا خانی اگر تیرے اندر شرم و حیا مفقود نہیں موجود ہے تو اپنے بریلوی حاجی محمد مرید احمد کی فوز المقال میں یہ واقعہ بھی پڑھ لیں۔

" مولوی حشمت علی صاحب عالم تو تھے مگر مناظر زیادہ تھے اور حضرت شیخ الاسلام سیالوی بڑے راسخ فی العلم اور منصف مزاج تھے۔اور ان کے پاس مولانا ظہور احمد بگوی ؒ امیر حزب الانصار بھیرہ بیٹھے تھے تو جب مولانا حشمت علی صاحب علمیت سے گری ہوئی کوئی کمزور بات کرتے تو حضور سیالوی مولانا ظہور احمد صاحب کو اپنی علاقائی پنجابی میں فرماتے۔ دیکھ کیا کیا چبل مریندا پیا اے۔یعنی دیکھو تو کیسی غلط بات کر رہے ہیں دوسری طرف مولوی منظور بڑی متانت سے پختہ بات کرتے مناظرہ ختم ہونے پر ہم تو واں بچھراں آگئے اور مولانا کرم دین دبیر صاحب اپنے گاؤں بھیں چلے گئے لیکن ان کے دل پر مولانا حشمت علی صاحب کے اس جملہ تو منظور میں ناظر، میں ناظر تو منظور کی بار بار تکرار بہت ناگوار گزری اور منظور صاحب کی متانت بیانی اثر کر گئی گھر پہنچ کر اپنے لڑکے قاضی مظہر حسین کو تفصیل مناظرہ سنائی پھر اسی سال قاضی مظہر حسین کو خود دیوبند حضرت مدنی کے نام خط دے۔کر روانہ کر دیا کسی نے سچ کہا ہے کہ ۔۔۔انقلابات ہیں زمانے کے۔کل کے دشمن بنے آج سجن"۔

(فوز المقال فی خلفاء پیر سیال جلد 4 ص 537)

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

اب اگر تیرے اندر غیرت بدعتی ہے مان لے کہ حشمت علی شکست خوردہ ہے۔

# ایک فیصلہ کن بات:

علامہ ساجد خان نقشبندی حفظہ اللہ کافر ہیں یا نہیں اس کا کوئی قطعی جزمی ثبوت آپ کے پاس نہیں لیکن میثم جی آپ خود کو خان صاحب بریلوی کے عقائد ونظریات کا علمبردار سمجھتے ہیں خود کو ان کا پیرو سمجھتے ہیں ہم نے ان کے فتوے کئی سال پہلے آپ کے سامنے پیش کیئے کہ داڑھی منڈوانے والے پر اللہ و رسول اور فرشتوں کی لعنت ہے وہ یہودی و عیسائی ہے۔ اب اگر خان صاحب بریلوی کے اس قول کو سچا مانتے ہو تو کم از کم یہ تو تسلیم کرلو کہ یہ آپ خان صاحب کے فتوے کی رو سے ملعون یہودی ونصرانی ہے نیز جس پر اللہ و رسول اور فرشتوں نے لعنت کی ہو وہ جنت کا مستحق اور مسلمان کیسے ہوسکتا ہے؟ اس کی بھی وضاحت کر دیں۔ نیز سوال یہ ہے کہ اس خان صاحب کے فتوے ہمیں پیش کرتے ہو کہ اس کی حسام الحرمین مان لو ہم تو اس لئے نہیں مانتے کہ کذاب آدمی کی ایک کذب بیانیوں سے بھری کتاب ہے لیکن آپ تو خان صاحب بریلوی کے لکھے ہوئے حرف حرف کو سچا مانتے ہو تو آخر اپنے متعلق خان صاحب کے اس فتوے کو تسلیم کیوں نہیں کرتے؟ یہ منافقت آپ کی گھٹی سے کب نکلے گی؟

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

# میثم عبّاس رضوی کا جواب

نوٹ: یہ مضمون ترجمان احناف پشاور شمارہ ۵ میں شامل اشاعت ہے

پروفیسر ابو احمد رضا خان صاحب

نحمدہ ونصلّی ونسلّم علیٰ رسولہ الکریم، امّا بعد!

دو دن پہلے ایک مضمون بنام ''جواہر البیان پر اعتراض کا تحقیقی ومسکت جواب'' پڑھنے کو ملا، لکھنے والے میثم عبّاس رضوی ہیں، موصوف نے رضا خانی قوم کے سیاہ کارناموں کی دستاویزی کتاب دست وگریباں کے ایک حوالے جس میں مفتی احمد یار گجراتی نے کفر کا فتویٰ نقی علی خان پر لگایا ہے، اس کا جواب دیا ہے۔ ہم حیران ہیں کہ رضا خانی قوم بالخصوص صاحب مضمون دست وگریباں کتاب دیکھتے ہیں، پڑھتے ہیں، لیکن سمجھتے نہیں، اِن کا بھی اُس قوم جیسا حال ہے جن کے بارے میں قرآنِ کریم میں جانوروں سے تشبیہ دی گئی ہے کہ دل، آنکھیں اور کان رکھتے ہیں، لیکن سمجھتے، دیکھتے اور سنتے نہیں، یہ لوگ جانوروں سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔

رضا خانی قوم کا بھی یہی حال ہے، ظالمو! دست وگریباں اس لیے نہیں لکھی گئی کہ عبارت اور فتویٰ آپ کے خانہ خراب سے ہو اور صفائی کے لیے دیوبندیت کا دامن پکڑو اور قدموں کی مٹّی چاٹو۔

دست وگریباں کیوں لکھی گئی، جلد چہارم کے شروع میں وضاحت لکھی گئی ہے، وہ کم از کم دس بار پڑھیں ان شاء اللہ سمجھ آجائے گا، نہیں تو فہمِ عالی کا قصور ہے۔

دست وگریباں مجرّب فارمولے کے تحت لکھی گئی کتاب ہے، یہ مجرب فارمولا بھی آپ حضرات کی پیداوار ہے۔

فیض احمد اویسی جس کے بارے میں آپ کے لوگ کہتے ہیں ان کی تحریرات میں اعلیٰ حضرت کی جھلک ہے، ذرا ایک جھلک ملاحظہ فرمائیں، لکھتے ہیں:

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

’’فقیر کا تجربہ ہے کہ مخالفین کے سامنے قرآن مجید وحدیث اور ائمہ کی تصریحات کے انبار لگا دو ہرگز نہیں مانیں گے، وہی ہانکیں گے جو انھیں بڑوں نے بتایا ہوگا، اس لیے انھیں قرآن وحدیث و دیگر ائمہ محدثین ومفسرین وفقہاء رحمہم اللہ کی تصریحات کے اپنے بڑوں کا حوالہ دکھایا جائے تو مانتے پھر بھی نہیں، البتہ ان کے شور وغل سے کچھ عرصے کے لیے نجات مل جاتی ہے۔‘‘ (رسائل اویسیہ جلد پنجم، حضور ﷺ کے نام کے ساتھ ’’صلعم‘‘ لکھنا کیسا: ص ۳۷)

ارشد القادری لکھتے ہیں:

’’دشمن کے حملوں کا دفاع کرنے کے لیے ہم نے باہر کا ہتھیار استعمال نہیں کیا، اُن کی دلیلوں کو توڑنے، اُن کے جوابات کو مسمار کرنے اور اُن کی غلط بیانیوں کا پردہ چاک کرنے کے لیے ہم نے انہی کی تحریروں سے ’’تیغ وسپر‘‘ کا کام لیا ہے۔‘‘ (زیروزبر ص ۲۲)

آگے لکھتے ہیں:

’’باہر سے کوئی دلیل پیش کرنے کے بجائے گھر ہی کا فتویٰ زیادہ مناسب ہے کہ یہاں چوں وچرا کی گنجائش نہیں۔‘‘ (زیروزبر: ص ۲۰۵)

یہی نسخہ دست وگریباں میں آزمایا گیا ہے، لیکن افسوس آپ بھی نہیں مانتے، شاید آپ کا مرض لاعلاج ہے، تعصب کا کوئی علاج نہیں، ہاں! اتنا فائدہ ضرور ہوا ہے کہ کل تک فروعی مسائل کو لے جو فتوے ہم پر لگائے جاتے تھے، آج وہی فتوے تم پر فٹ کیے گئے تو منہ چھپانے کے لیے جگہ نہیں مل رہی، ہمارا مقصد بھی صرف اتنا تھا!

بقول مزمل حسین کاظمی کے

’’جن القابات سے ہمیں نوازتے ہیں، اپنے بڑوں کو بھی نوازیں، لیکن یہ لوگ کبھی ایسا نہیں کرتے، کیونکہ ان کا مقصدِ حمایتِ حق نہیں فقط شرارت اور انتشار کرنا ہوتا ہے۔‘‘ (سعودی تفسیر پر ایک نظر: ص ۱۱۶)

ہم بھی یہی کہتے ہیں، جس انداز سے ہمارے اوپر فتوے لگائے جاتے تھے، کافر مشرک گستاخ وغیرہ اُسی انداز سے حق کے حمایتی بن کر آپ بھی نقی علی خان پر کفر کا فتویٰ لگاتے، لیکن ایسا کوئی شریر اور انتشار پھیلانے والا نہیں کر سکتا، ان کے بس کی بات نہیں ہے۔

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

باتیں تو بہت ہیں، لیکن طوالت کا خوف ہے اور بقول ایک رضاخانی کے حیاء والے آدمی کے لیے اتنا کافی ہے۔

اب آتے ہیں آپ کی اغلاط پر:

موصوف نے جواہر البیان کی عبارت کی جتنی بھی تاویلیں کی ہیں وہ ان کو سودمند نہیں بیکار ہیں، تاویل کس کی کی جاتی ہے؟ غلام نصیر الدین سیالوی کی تحقیق کو پڑھیں۔

غلام صاحب ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے لکھتے ہیں:

فرماتے ہیں، ''کلام غیر المعصوم لا یؤوّل، غیر معصوم کے کلام میں تاویل نہیں کی جاتی۔'' (عباراتِ اکابر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ:۱/ صـ ۳۵۵)

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے کو غلام نصیر الدین اپنی تائید میں لائے ہیں اور ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی بات کی تردید نہیں کی، حوالہ نقل کرنا اور رد نہ کرنا بریلویت کے ہاں مستند ماننا ہے، حوالے آگے آرہے ہیں۔

اب آپ بتائیں، آپ کے نزدیک نقی علی خان یا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ معصوم ہیں، اگر معصوم نہیں تو آپ کی تاویلات کا کیا فائدہ!!

دوسری گذارش یہ ہے کہ نقی علی خان نے صراحتاً موسیٰ علیہ السلام کو ذلیل لکھا ہے اور اس پر احمد یار گجراتی کا صراحتاً فتویٰ بھی موجود ہے، کیا صریح بات میں بھی تاویل ہوتی ہے؟؟

مولوی احمد رضا خان اور دوسرے بریلوی تو اس بات کے انکاری ہیں کہ صریح بات میں تاویل نہیں سنی جاتی۔

ہماری بھی تحقیق نہ مانو اور اپنے بڑوں کی تحقیق بھی نہ مانو، پتہ نہیں کس موذی مرض میں مبتلا ہو؟؟

اصولی طور پر تو اِن دو باتوں سے مضمون کا جواب ہو چکا، لیکن جس فرقے کے اندر ہر صغیر سے لے کر کبیر تک جاہلانہ اوصاف ہوں تو اس کے لیے تفصیل عرض کر دیتے ہیں، موصوف کی ہر شق کا جواب بغور ملاحظہ فرمائیں۔

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

# شق نمبر ا

موصوف لکھتے ہیں:

''یہ جان لینا ضروری ہے کہ اللہ کریم اپنے محبوب بندوں کے لیے اگر کوئی خاص کلمہ استعمال فرمائے تو مخلوق کو یہ حق نہیں کہ وہ بھی اُن محبوب بندوں کے حق میں اس خاص کلمہ کا استعمال بطورِ انشاء کریں، ہاں اُسے بوقتِ ضرورت حکایتاً نقل کر سکتا ہے۔''

# شق نمبر ا کا جواب

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ صاحبِ مضمون نے یہ بات بلا دلیل کہی ہے، بلا دلیل بات کو کون دیکھتا ہے، موصوف کی جہالت کی پُرتھیلی میں دلیل پڑی ہے تو باہر نکالیں!!

ہم اس بلا دلیل بات کا جواب نہ دیں تو بھی اِن کے ہاں مجرم نہیں۔

مفتی احمد یار گجراتی لکھتے ہیں:

اس سے معلوم ہوا مدِ مقابل کی ہر بات اور ہر دلیل کا جواب نہیں دینا چاہیئے، رب نے شیطان کے دلائل کا جواب نہ دیا، بلکہ مردود کر کے نکال دیا۔'' نور العرفان: صـ ۱۶۷)

مفتی صاحب کی تحریر سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ بادلیل بات کا جواب بھی کوئی نہ دینا چاہے تو نہیں دے سکتا تو بلا دلیل بات کا جواب تو بطریق اولیٰ نہیں دینا چاہیئے۔

دوسری بات یہ ہے کہ کیا گستاخی کے الفاظ بھی فرقہ بریلویہ ضالّہ کے نزدیک حکایۃً استعمال کرنا درست ہے؟

تیسری بات یہ ہے کہ حکایۃً کوئی آدمی واقعہ نقل کر کے اس سے اپنا عقیدہ اخذ کرے وہ مجرم ہے کہ نہیں؟

نقی علی خان یہ حکایت نقل کر کے اپنی بات ثابت کر رہا ہے تو کیا وہ بھی انشاء ہے؟

# شق نمبر ۲

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

صاحب مضمون کو شکایت ہے کہ دست و گریباں کے مصنف نے خیانت کی ہے اور جواہر البیان کے شروع میں یہ فقرہ نقل نہیں کیا: ''امام حجت الاسلام محمد بن غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں''، یہ نقل کرتا تو نقی علی خان پر الزام نہیں دیا جا سکتا۔

## شق نمبر ۲ کا جواب

یہ دست و گریباں کے مصنف کی خیانت نہیں، بلکہ یہ تیری جہالت ہے، جو تمھیں اپنے بڑوں سے ورثہ میں ملی تھی، میراث میں جو تمھیں حصہ ملا تھا اسے بھی تک سینے سمائے بیٹھے ہو۔

عطاء محمد چشتی لکھتے ہیں:

''عموماً قاعدہ یہ ہے کہ اگر کسی کا رد کرنا ہو تو صرف اتنی عبارت پر اکتفاء کیا جاتا ہے جو رد کے لیے کافی ہو''، (توضیح البیان: صـ ۳۷)

ایک اور بریلوی صاحب لکھتے ہیں:

''جب سو دو سو ہزار دو ہزار کلمات پر مشتمل کتاب میں سے اصل مقاصد و نتائج لیے جائیں گے تو چند ہی جملے ہوں گے اور آگے پیچھے سے منقطع ہوں گے، یہ قطع و برید قابل الزام و اتہام نہیں، اس لیے کہ اس نے اصل مقصد کے الفاظ میں قطع برید نہیں کی ہے''، (دیوبندیوں سے لاجواب سوالات: صـ ۶۹۷)

جواہر البیان کے جس حصے پر مفتی احمد یار کا فتویٰ دکھانا تھا، اس کے نقل کرنے میں ہم نے کمی نہیں کی اور ان دو ملاؤں کی تحریرات کی روشنی میں ہم نے ٹھیک کیا ہے۔

اگر یہ خیانت ہے تو اس خیانت کا درس بھی تیرے ملاں دیتے ہیں، یہ بات نقل کرنے میں تو آپ نے ہمارا کام اور آسان کر دیا۔ امت کے ہر حق کے متلاشی فرد کو ہم بتائیں گے کہ مفتی گجراتی کے فتوے کی زد میں صرف نقی علی خان نہیں، بلکہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ بھی آتے ہیں۔

گجراتی کے فتوے کی زد میں نقی علی خان آئے یا پوری امتِ مسلمہ آئے، اس سے ہمیں فرق نہیں پڑتا، جس فرقہ ضالّہ کے ہاتھوں میں کفر کی مشین گن ہو، جو مکفر المسلمین سے ملقب ہوں ان سے اِسی کی امید کی جا سکتی ہے۔

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

# شق نمبر ۳

صاحب مضمون لکھتے ہیں: ''امام غزالی نے اللہ تعالیٰ کے پیغمبر کے بارے میں کہے گئے الفاظ نقل کیے ہیں، جن میں لفظ ''ذلیل'' بھی موجود ہے۔

# شق نمبر ۳ کا جواب

چلیں تین سیکنڈ کے لیے مان لیتے ہیں کہ ''ذلیل'' کا لفظ اللہ پاک کے ہیں تو کیا ہر وہ لفظ جو اللہ پاک اپنے پیغمبر کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے وہ سب کو کہنا چاہیے اس پر راضی رہنا چاہیے؟ اگر آپ کا جواب ''ہاں'' میں ہے تو بتائیں! ''اللہ پاک نے اپنے پیغمبر کو ''بشر'' کہا ہے، اور مفتی گجراتی کہتے ہیں ''انبیاء کو بشر رب نے کہا کہا یا خود انھوں نے یا کفار نے''، (نور العرفان: ص ۲۷۰)

ہم نبی کو بشر کہتے ہیں تو رضا خانیت کے پیٹ میں مروڑ پیدا ہوتا ہے، کیا نبی کو بشر اللہ نے نہیں کہا؟ اگر آپ کا جواب ''نہ'' میں ہے تو دست و گریباں میں صرف نقی علی پر فتویٰ ہے، آپ امام غزالی کو بھی شامل کر دیں اس میں ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا، باقی احیاء العلوم کا ترجمہ دیوبندی کا جو تو نے پیش کیا ہے وہ ہمارے خلاف نہیں، اس لیے اس پر تبصرہ وقت کا ضیاع ہے۔

# شق نمبر ۴

موصوف نے لکھا ہے کہ دیوبندیوں کے نزدیک ناقل پر فتویٰ نہیں لگایا جا سکتا، آگے تین حوالے پیش کیے ہیں، اس لیے نقی علی خان ناقل ہیں اُن پر فتویٰ عائد نہیں ہوگا۔

# شق نمبر ۴ کا جواب

میراثی جاہل کو یہ بھی پتہ نہیں کہ نقی علی خان پر فتویٰ کس نے لگایا ہے؟ فتویٰ لگائے مفتی گجراتی اور تم رضوی کشکول لے کے بھیک ہم دیوبندیوں سے مانگو! کچھ عقل سے کام لو، یہ بات تو تم بھی

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

مانتے ہو کہ نقی علی خان نے یہ حوالہ نقل کیا ہے، ہم آپ سے پوچھتے ہیں کہ ''نقی علی خان حوالہ نقل کرنے کے بعد کوئی تردید کی ہے؟'' اگر کی ہے تو دکھائیں، کیونکہ رضا خانیت میں حوالے کے بعد خاموشی اختیار کرے تو سارا ملبہ ناقل پر بھی گرے گا، اب غور سے اپنا اصول پڑھیں:

# (حوالہ نقل کرنا تردید نہ کرنا)

(۱)......مفتی حنیف قریشی لکھتے ہیں:

''اگر کوئی مصنّف اپنی کتاب میں کسی گستاخانہ عبارت کو کتاب کا حصہ بنا کر شائع کرے اور مقصود اس کی تردید کرنا نہ ہو تو وہ اس کا ذمہ دار ہوتا ہے......اس گستاخی میں وہ بھی شامل ہے''، (روئیداد مناظرہ گستاخ کون: صـ ۸۹)

(۲)......مفتی عبدالمجید سعیدی لکھتے ہیں:

''اعلیٰ حضرت نے اس کی تعلیق میں اسے رد نہیں فرمایا، بلکہ برقرار رکھا ہے، جو دلیل رضا ہے''، (مصلحانہ کاوش: صـ ۵۴)

(۳)......شفقات احمد صاحب نے لکھا ہے:

''خاموشی ویسے بھی نیم رضا ہوتی ہے''، (کردارِ یزید: صـ ۸۶)

(۴)......غلام مصطفیٰ مجدّدی لکھتے ہیں:

''تائیدِ سکوتی فرمارہے ہیں''، (مجدّد الف ثانی اور امام احمد رضا: صـ ۷۴)

مطلب یہ ہے کہ کسی پر سکوت اختیار کرنا تائید ہوتی ہے۔

(۵)......محمّد ارشد مسعود اشرف چشتی رضوی لکھتے ہیں:

''بغیر نکیر کے ذکر کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اس کے قائل تھے، ورنہ اس پر نکیر فرماتے''، (مجلّہ رضائے مصطفیٰ، بابت اکتوبر ۲۰۱۷ء، صـ ۲۶)

قارئین! آپ حضرات نے بخوبی ملاحظہ فرمالیا کہ اس فرقۂ ضالّہ کے نزدیک کسی عبارت کو اپنی کتاب میں نقل کرنا اور تردید نہ کرنا، برقرار رکھنا، خاموشی اختیار کرنا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ناقل اس کی بات سے راضی ہے۔ اس سے رازِ روشن کی طرح واضح ہوا کہ نقی علی خان حضرت

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

موسیٰ علیہ السلام کو ذلیل کہنے میں راضی ہیں اور مفتی گجراتی کا فتویٰ عام ہے جو بھی کسی نبی کو ذلیل کہے گا اس پر فتویٰ صادر ہوگا، یہ عجیب دوغلہ پالیسی ہے صاحب مضمون کی، ہماری کتابوں میں ذلیل کا لفظ دیکھتے ہیں اندھے بہرے ہوکہ فتویٰ لگاتے ہیں اور اپنے روحانی دادا نقی علی خان پر برساتی کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر لیتے ہیں، کچھ خدا کا خوف کرو! صاحبِ مضمون نے عیاری اور چالاکی سے اپنے مولویوں کے اصول بیان نہ کیے، لیکن صاحبِ مضمون کو پتہ ہونا چاہیئے کہ بقول ارشد القادری کے:

''ضرورت سے زیادہ چالاکی بھی آدمی کو کبھی لے ڈوبتی ہے، اپنے ہی قلم سے اپنے جھوٹ کا پردہ فاش کر کے آپ حضرات نے اپنے متعلق ہمیں علامتِ نفاق کی تلاش کی زحمت سے بچالیا، اس عنایت کا شکریہ''، (زیروزبر: صـ ٦٦)

اُمید ہے کہ میثم عباس رضوی اپنے مولویوں کے مذکورہ اصول سے جاہل ناواقف تھے، اب یقیناً واقف ہو گئے ہوں گے، میثم عباس رضوی کو چاہیئے کہ مفتی گجراتی کے فتوے کو اٰمَنَّا صَدَّقْنَا کر کے نقی علی خان پر فتویٰ فٹ کریں، بصورتِ دیگر بقول ارشد القادری کے

''یہ قرض آپ حضرات کے ذمہ واجب الاداء رہے گا''، (زیروزبر: صـ ٦٦)

مقروض ہو کے مرنا اچھی بات نہیں ہے، لیکن جس گھر کے افراد مقروض ہو کر مرنے کے عادی ہوں ان سے ادائیگی کی اُمید کم ہی ہوتی ہے!!!!

والسّلام علی مَنِ اتّبع الھدیٰ

☆☆☆☆

# بشکریہ ماہنامہ ترجمان احناف پشاور

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

# میثم دجال کے سیاہ جھوٹ کا پردہ فاش

میثم عباس رضوی نے اپنے حالیہ گالی نامہ میں ایک بے سروپا مضمون لکھا جس میں یہ جھوٹ بولا کہ علامہ ساجد خان نقشبندی صاحب نے حضرت مفتی نجیب اللہ عمر صاحب کو یہ کہہ دیا وہ کہہ دیا حالانکہ خود میثم دجال نے جس سرتاپا کذب مضمون کو حضرت علامہ ساجد کی طرف منسوب کیا ہے اس کے بارے میں کہا کہ علامہ ساجد نے اس میں مفتی نجیب اللہ صاحب کا ذکر نہیں کیا بریکیٹ میں میں نے خود مفتی نجیب اللہ کا نام ڈال دیا۔

اس صریح دجل وفریب کے بعد اس کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟ جبکہ دوسری طرف میثم نے خود تسلیم کیا کہ علامہ ساجد صاحب نے مفتی نجیب اللہ عمر صاحب کا نام لیکر ان کی توثیق بیان کی ہے مدح سرائی کی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ ایک راوی کسی کے متعلق نام لیکر توثیق بیان کرے اعلی سے اعلی القابات اس کیلئے لائے دوسری طرف کسی کا نام لئے بغیر کوئی الفاظ جرح نقل کرے تو اصول جرح وتعدیل کے اصولوں پر بتاؤ کہ توثیق بالصراحت کا اعتبار ہوگا یا جرح مبہم کا؟

میں نے خود علامہ ساجد خان نقشبندی صاحب حفظہ اللہ سے پوچھا انہوں نے فرمایا کہ میں نے اپنی نئی کتاب ”نواب احمد رضا خان بریلوی حیات خدمات وکارنامے“ پر مفتی نجیب اللہ عمر صاحب سے تقریظ لی ہے میرا اب بھی ان سے رابطہ ہے ان کی مسجد تعمیر ہورہی ہے اس حوالے سے رابطہ رہتا ہے اگر کوئی اختلاف ہوتا تو کیا تقریظ لیتا اور کیا رابطہ کرتا؟

اس کے بعد میثم کذاب کے جھوٹ کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟

میثم عباس کے اباجی مولوی اجمل سنبھلی لکھتا ہے :

مسلمانو! یہ مولوی منور علی وہی کاذب ومفتری ہے……اس شخص کو جھوٹ

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

بولتے ہوئے شرم نہیں آتی انتہائی افترا کرتے ہوئے حیا معلوم نہیں ہوتی تو ایسے شخص کے اہتمام سے چھپوائی ہوئی کتاب غایۃ المامول کا کون اعتبار کرے اس کی کسی بات پر کس طرح اعتماد ہو اس کا کوئی قول کیسے قابل استناد ہو''۔

(ردشہاب ثاقب ص ۴۸)

یہ وہی اجمل سنبھلی ہے جسے میثم، مناظر اجل قاطع دیوبندیت حضرت مولانا مفتی محمد اجمل سنبھلی (کلمہ باطل ش ۱۲ ص ۶۷) لکھتا ہے۔

گویا اجمل سنبھلی کے بقول جھوٹ بولنے والے کی بات کا کوئی اعتبار نہیں۔ اب ذرا میثم کے ایک دو جھوٹ ملاحظہ ہوں جو کئی سال پہلے شایع ہوئے تھے اس کے بعد ہمارا نتیجہ ملاحظہ ہو۔

## میثم رضوی کذاب کے اپنے ۲ جھوٹ

دوسروں کو جھوٹا کہنے والا انٹرنیشنل کذاب میثم رضوی رافضی نے خود کیا کیا جھوٹ بولے ملاحظہ ہوں:

### جھوٹ نمبر ۱

ضروری اعلان

کلمہ حق کا اگلا شمارہ خصوصی شمارہ ہوگا جو کلمہ حق کے جواب میں دیوبندیوں کے دجل وفریب کے مجموعے ''سیف حق'' کے منہ توڑ جواب پر مبنی ہوگا انشاء اللہ تعالی یہ شمارہ کم وبیش ۲۵۰ سے ۳۰۰ صفحات پر مشتمل ہوگا جس میں دیوبندیوں کی ایسی درگت بنے گی جسے انشاء اللہ وپ کبھی نہیں بھولیں گے اس خصوصی شمارہ کی قیمت ۱۰۰ سے ۱۲۰ روپے تک متوقع ہے قارئین نوٹ فرمالیں (رضوی) (کلمہ باطل ش ۸ ص ۴۸)

اس اعلان کے بعد شمارہ نمبر ۹ خصوصی شمارہ ہونا چاہیئے تھا مگر دو سال گزر گئے شمارہ نمبر ۱۲ آگیا یہ شمارہ نہ آیا۔ کیا یہ میثم کا بدترین جھوٹ نہیں؟ لعنۃ اللہ علی الکاذبین

**جھوت نمبر ۲: میثم رافضی لکھتا ہے:**

''جوں ہی مجموعہ رسائل شیر بیشہ اہل سنت کی تکمیل سے فرصت ملی کلمہ حق کا

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

خصوصی شمارہ بھی آپ کی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا انشاء اللہ تعالی
خصوصی شمارے کا بھی بہت سا کام ہو چکا ہے (کلمہ باطل شمارہ ۹ ص ۹۶)

مگر اب تازہ شمارے میں کہتا ہے:

دیوبندیوں کی دھینگا مشتی کا حاصل مطالعہ راقم کے پاس محفوظ ہے جو ''مجموعہ رسائل مولانا حشمت علی لکھنوی'' (تخریج وحواشی) کی تکمیل کے بعد پیش کر دیا جائے گا جس سے یقینا ان کی طبعیت صاف ہو جائے گی ان شاء اللہ تعالی
(کلمہ باطل شمارہ ۱۲ کا بیک ٹائٹل پیج کا اندرون والا صفحہ)

شمارہ ۹ میں کہا کہ رسائل شیر بیشہ کے بعد خصوصی شمارہ سیف حق کے جواب میں آئے گا مگر شمارہ ۱۲ میں کہتا ہے کہ ان رسائل کے بعد دیوبندیوں کی دھینگا مشتی آئے گی۔ تف ہے اس کذاب پر اس قدر حواس باختہ ہو چکا ہے کہ خود بھی پتہ نہیں ہوتا کہ لکھ کیا رہا ہوں؟

یہ بھی نوٹ کریں کہ شمارہ ۸ میں کہا کہ اگلا شمارہ خصوصی ہوگا مگر اگلے شمارے میں کہتا ہے کہ رسائل کے بعد شمارہ آئے گا یہ ایک اور مستقل جھوٹ پھر اس کے بھی دیکھیں پہلے کتاب کا نام لکھا ''مجموعہ رسائل شیر بیشہ اہل سنت'' اب لکھ رہا ہے ''مجموعہ رسائل مولانا حشمت علی لکھنوی'' یہی حرکت کسی اور سے سرزد ہوتی تو فورا جھٹ سے مضمون لکھ لیتا کہ نیا جھوٹ پہلے نام کوئی اور بتایا اب نام کوئی اور بتا رہا ہے۔

بہرحال ہم نے فی الحال میثم کے یہ دو جھوٹ پیش کئے اور بقول اجمل سنبھلی جب کوئی جھوٹا ثابت ہو جائے تو اس کی کسی بات کا اعتبار نہیں لہذا حضرت مفتی نجیب اللہ عمر صاحب اور علامہ ساجد خان نقشبندی صاحب کے بارے میں جو کہا اس کا بھی کوئی اعتبار نہیں۔

پھر خان صاحب بریلوی کے حوالے سے گزر چکا کہ میثم داڑھی منڈا ہے اور ایسا آدمی مردود الشہادۃ ہوتا ہے لہذا اس باب میں میثم کی کسی بات کا اعتبار نہیں میثم دو عادل مسلمان گواہ لائے جو اس بات کی گواہی دیں کہ علامہ ساجد خان نقشبندی نے ایسا کچھ لکھا تھا اور لکھا بھی مفتی نجیب اللہ عمر صاحب کے بارے میں۔

یاد رہے کہ علامہ ساجد خان نقشبندی زبانی وتحریرا بھی اس بات کا اظہار کئی دفعہ کر چکے ہیں کہ ان کا کوئی

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

آفیشل پیج نہیں اور وہ کسی سوشل میڈیا تحریر پوسٹس وغیرہ کے ذمہ دار نہیں ان کے نام پر کئی لوگوں نے پیجز اور یوٹیوب چینلز بنائے ہوئے ہیں۔ان کی نام کی آئی ڈیز اور پیجز سے تو بعض اوقات سعید احمد چترور گڑھی مماتی کی ویڈیوز بھی شئیر ہوئی ہیں ایسے غیر معتبر ذرائع کو کس طرح یقینی طور پر ان کی طرف منسوب کیا جا سکتا ہے؟

# آخری بات

چلو مان لیا کہ بالفرض والمحال وہ سب کچھ علامہ صاحب ہی نے لکھا تھا اور یہ بھی مان لیا کہ مفتی نجیب اللہ عمر صاحب ہی کے بارے میں لکھا تھا تو اس میں تو زیادہ سے زیادہ انتظامی و مالی معاملات میں برا بھلا کہا گیا ہے ان کے عقیدے پر کسی قسم کا کوئی اعتراض نہیں کیا گیا۔

جبکہ دوسری طرف تیرے کنز العلما نے سعید اسعد کو نبوت کا منکر کہا تیرے خادم رضوی نے اس کو جماعت کا ٹکٹ نہیں دیا اور سعید اسعد نے تیرے کنز العلما کو ختم نبوت کا منکر کہا دونوں تیرے نزدیک ثقہ ہیں لہذا دونوں ایک دوسرے کے فتوے سے کافر اور جو ان کو مسلمان مانے جس میں تو بھی شامل ہے وہ بھی ایسا کافر کہ ان کے کفر میں شک کرنے والا بھی کافر۔اسی طرح خادم رضوی، پیر افضل قادری اور اشرف جلالی کی وہ لڑائیاں جو آج بھی نیٹ پر تحاریر و ویڈیوز کی صورت میں موجود ہیں ان سب کے باوجود بھی تو سعید اسعد کی گود میں بیٹھا ہوا ہوتا ہے ان کے بارے میں تیرا کیا نظریہ ہے؟ جو جواب اور جو تاویل تو اس دھینگا مشتی اور کفر کفر کے بارے میں کرے گا وہی ہم ان دونوں حضرات کے بارے میں کرلیں گے تو ہماری فکر نہ کر اپنے ایمان کو ثابت کر۔نیز خان صاحب نے جو کئی فتوے تجھ پر لگائے اس کا جواب تیرا پیو دے گا؟ اس کی فکر کر پہلے۔۔۔۔

دوسروں کو چھوڑ اپنے میں غور کر کہ کتنے سوراخ ہیں اور کیسے ان سوراخوں کو بھروں گا۔

یہ مختصر جواب تیری ہذیانات کا ان شاءاللہ یار زندہ صحبت باقی۔۔۔۔

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1

# میثم عباس رضوی کی بفتوای احمد رضا خان ملعون یہودیانہ شکل

{ Telegram } >>> https://t.me/pasbanehaq1